شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

23اپریل2025ء

پریس ریلیز

مقبوضہ کشمیر میں 24 سیاحوں پر مہلک فائر نگ کا افسوس ناک واقعہ عالمی سطح پر پاکستان کی سالمیت کو نقصان پہنچانے کی ایک سازش ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): مقبوضہ کشمیر میں 24 سیاحوں پر مہلک فائر نگ کا افسوس ناک واقعہ عالمی سطح پر پاکستان کی سالمیت کو نقصان پہنچانے کی ایک سازش ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی تاریخ ایسی سازشوں سے بھری پڑی ہے کہ وہ خود اپنے شہریوں پر حملہ کروا کے الزام پاکستان پر دھر دیتا ہے تاکہ عالمی سطح پر پاکستان کو بدنام کیا جائے، اُس پر دباؤ بڑھایا جائے اور بھارت کو پاکستان کی سالمیت خطرہ میں ڈالنے کا موقع مل جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام کو یہ بات سمجھنی ہوگی کہ عالمی سطح پر تیار کی گئی ایسی سازشیں افواجِ پاکستان کو بدنام کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔ لہٰذا اس معاملے پر حکومتِ پاکستان، اپوزیشن، عوام اور فوج سب کو ایک پیج پر اکٹھا ہو کر دشمن کی چالوں کا منہ توڑ جواب دینا ہوگا۔ اُنہوں نے کہا کہ افواجِ پاکستان بھی ملکی سیاست سے خود کو مکمل طور پر الگ رکھیں۔ اپنی اصل اور آئینی ذمہ داری یعنی پاکستان کی جغرافیائی سرحدوں کے دفاع اور سلامتی کی طرف مکمل یکسوئی سے توجہ دیں اور سب مل کر دشمن کی سازشوں کو ناکام بنائیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ دشمن کی سازشوں کو ناکام بنانے میں فوج کے لیے عوامی مدد ناگزیر ہوتی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ امریکی نائب وزیر خارجہ کے حالیہ دورۂ بھارت کے تناظر میں یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ امریکہ، اسرائیل اور بھارت کا ابلیسی اتحادِ ثلاثہ ایک مرتبہ پھر پاکستان کو نشانہ بنانے پر تُلا ہوا ہے۔ لہٰذا تمام اسٹیک ہولڈرز اپنے اختلافات کو پسِ پُشت ڈال کر آپس میں اتحاد و اتفاق پیدا کریں اور ملک کے بقاء اور سلامتی کے لیے سیسہ پلائی دیوار بن جائیں۔

جاری کردہ

رضاء الحق

مرکزی ناظم نشرو اشاعت